ترجمہ ہے۔ افسوس کہ ہم ترجمہ کی نوعیت کا تفصیلی جائزہ نہیں لے سکے۔ طباعتی معیار اچھا ہے۔

COMPLAINT AND ANSWER. | از جناب آر تھر جے، آربری۔ ناشر: شیخ محمد اشرف پبلشر کشمیری بازار لاہور۔ قیمت دو روپے۔ یہ اقبالؒ کے شکوہ و جواب شکوہ کا انگریزی میں ترجمہ ہے۔ طباعت کا معیار اچھا!

حصولِ تیسیر بیان | مؤلفہ: جناب عنایت اللہ اثری، مدرس دار الحدیث، گجرات پنجاب۔ ملنے کا پتہ:۔ ناظم انجمن اہلِ حدیث، گجرات، پنجاب۔ قیمت عہ٫۔

کتاب کا موضوع "اصولِ تفسیر" ہے۔ اصول اس انداز سے بیان کیے گئے ہیں کہ ساتھ ساتھ اہم تفسیری مواقع کی مثالیں دی گئی ہیں۔ پیرایہ سوال و جواب کا سا ہے۔ اسلوب کلام علماء کا سا ہے۔ طباعتی معیار بہت سادہ!

تیسیر الصرف | تالیف جناب حاجی محمد ابراہیم بن مولوی نظام الدین صاحب، منڈی عارف والہ۔ مؤلف سے طلب کریں۔ قیمت درج نہیں۔

عربی کے قواعدِ صرف اجمال سے بیان کیے گئے ہیں۔ اسلوب پرانا، معیارِ طباعت سادہ!